رہبر معظم کا مرحوم حبیب اللہ عسکر اولادی کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 5 /Nov/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے حضرت امام (رہ) کے وفادار،صادق، معتمد اور مجاہد دوست آقائ حاج حبیب اللہ عسگر اولادی کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیاہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت امام (رہ) کے وفادار،صادق، معتمد اور مجاہد دوست آقائ حاج حبیب اللہ عسگر اولادی کے انتقال کی دردناک خبر انتہائی افسوس اور رنج و غم کے ساتھ موصول ہوئي ۔اس مجاہد اور مبارز انسان نے اپنی بابرکت عمر کو اسلام کی خدمت اور انقلاب اسلامی کےقیام کے سلسلے میں بسر کیا اور جوانی سے لیکر عمر کے آخری برسوں تک اس راہ میں اپنی مخلصانہ مجاہدت، تلاش و کوشش اور ہمت میں کوئي کوتاہی نہیں کی، طاغوت اور ستم شاہی کےدور میںمجاہدت اور جہاد کے ابتدائی ایام سے ہی قوم ، علماء اور حضرت امام (رہ) کے ساتھ پر خطر صفوف میں حاضر ہوئے اور کئی سال تک قید کی صعوبتوں پر بڑے صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا اور انقلاب اسلامی کی کامیابی اور اسلامی جمہوریہ ایران کے قیام کے بعد حساس اور مؤثر عہدوں پر مخلصانہ خدمات سرانجام دیتے رہے اور اپنی عمر کے آخری لمحات تک کام اور تلاش و کوشش میں مصروف رہے ۔ اللہ تعالی سے مرحوم کے لئے رحمت اور فضل طلب کرتا ہوں اور مرحوم کے پسماندگان اور دوستوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

14/آبان/ 1392